## لاہور میں دہشت گردی اور بم دھماکوں کی حالیہ لہر بدترین دہشت گردی ہے، الطاف حسین

## خودکش حملے، بم دھماکے اور دہشت گردی کے واقعات زندہ دلان لاہور کیلئے چیلنج ہیں

## بزدلانہ اور سفاکانہ ہتھکنڈوں سے لاہور کے شہریوں کے عزم وحوصلے کو کم نہیں کیا جاسکتا

## آزمائش کی اس گھڑی میں ایم کیو ایم کے کارکنان وعوام لاہور کی ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور نوجوانوں کے ساتھ ہیں

## لاہور میں یکے بعد دیگرے بم دھماکوں پر اظہار مذمت

لندن۔۔۔12، مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لاہور میں مون مارکیٹ کے قریب کشمیر بلاک اور علامہ اقبال ٹاؤن میں یکے بعد دیگرے بم دھماکوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ خودکش حملے، بم دھماکے اور دہشت گردی کے واقعات زندہ دلان لاہور کیلئے چیلنج ہیں۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ لاہور میں بم دھماکوں کی حالیہ لہر بدترین دہشت گردی ہے اوران واقعات سے ظاہر ہوتا ہے کہ سفاک دہشت گرداوران کے سرپرست لاہوراور اسکے پرامن شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنا کر خوف ودہشت میں مبتلا کرنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سفاک دہشت گردوں نے جمعہ کے مبارک دن لاہور کے مختلف علاقوں میں بم دھماکے کرکے فوجی جوانوں سمیت متعدد شہریوں کو شہید وزخمی کردیا اور جوعناصر اس قسم کے بزدلانہ ہتھکنڈوں میں ملوث ہیں وہ پاکستان اور اس کے عوام کے کھلے دشمن ہیں اورانسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ زندہ دلان لاہور نے ماضی میں بھی دہشت گردی کے واقعات پر ہمت وحوصلے، ثابت قدمی اور اتحاد ویکجہتی کا مظاہرہ کیا ہے اوراس قسم کے بزدلانہ اور سفاکانہ ہتھکنڈوں سے لاہور کے شہریوں کے عزم وحوصلے کو کم نہیں کیا جاسکتا۔انہوں نے لاہور کے عوام سے پرزور اپیل کی کہ وہ دہشت گردی کے واقعات پر ہرگز خوف زدہ نہ ہوں، پرامن رہیں، ایک دوسرے کی جان ومال کی حفاظت کریں، اپنے اردگرد مشکوک افراد اور مشکوک سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھیں اور کسی بھی مشکوک فرد یا اشیاء کی فوری اطلاع قانون نافذ کرنے والے اداروں کو دیں تاکہ دہشت گردوں کو قیمتی انسانی جانوں سے کھیلنے کا مزید موقع نہ مل سکے۔جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کی جانب سے لاہور کے عوام سے دلی یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آزمائش کی اس گھڑی میں ایم کیو ایم کے کارکنان وعوام لاہور کی ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور نوجوانوں کے ساتھ ہیں۔ جناب الطاف حسین نے لاہور میں مسلسل دھماکوں میں زخمی ہونے والے افراد سے دلی یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی

## لاہور کینٹ میں خودکش بم دھماکے کھلی دہشت گردی ہے، الطاف حسین

## بے گناہ شہریوں اور سیکوریٹی اہلکاروں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے والے پاکستان اور انسانیت کے کھلے دشمن ہیں

## دہشت گردعناصر بزدلانہ کارروائیاں کرکے قومی سلامتی کو غیر مستحکم کرنے کی گھناؤنی سازش کررہے ہیں

## عوام اپنے اتحاد سے پاکستان کی بقاء وسلامتی کے خلاف ہر سازش کو ناکام بنادیں

## خودکش بم دھماکوں میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے اظہار تعزیت

## لاہور کینٹ کے علاقے آرائے بازار میں خودکش بم دھماکوں پر اظہار مذمت

لندن۔۔۔12، مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لاہور کینٹ کے علاقے آرائے بازار میں خودکش بم دھماکوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بم دھماکوں میں درجنوں بے گناہ شہریوں کے شہید وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ لاہور کینٹ میں خودکش بم دھماکے کھلی دہشت گردی ہے اور دہشت گردعناصر اس قسم کی بزدلانہ کارروائیاں کرکے قومی سلامتی کو غیر مستحکم کرنے کی گھناؤنی سازش کررہے ہیں۔ یہ عناصر اپنی گھناؤنی اور بزدلانہ کارروائیوں کے ذریعہ نہ صرف پاکستان کی بقاء وسلامتی کو چیلنج کررہے ہیں بلکہ دنیا بھر میں پاکستان کی بدنامی کا بھی سبب بن رہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گردوں کا کوئی مذہب اور قومیت نہیں ہوتی اور جوعناصر اپنے مذموم مقاصد کیلئے پبلک مقامات پر معصوم اور بے گناہ شہریوں اور سیکوریٹی اہلکاروں کو دہشت گردی کا نشانہ بنارہے ہیں وہ انسانیت اور پاکستان کے کھلے دشمن ہیں اور وقت کا تقاضا ہے کہ دہشت گردی کے اس عفریت سے نمٹنے کیلئے ملک بھر کے عوام بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کریں اور اپنے اتحاد سے پاکستان کی بقاء

وسلامتی کے خلاف ہر سازش کو ناکام بنادیں۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ لاہور کینٹ کے علاقے آرائے بازار میں خودکش بم دھماکوں کا فوری نوٹس لیا جائے ،قومی سلامتی وبقاء کے خلاف سازشیں کرنے والے اوران کے سر پرستوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے اورشہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اورمثبت اقدامات کئے جائیں۔ جناب الطاف حسین نے خودکش بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین) جناب الطاف حسین نے خودکش بم دھماکوں میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

**حضوراکرم ﷺ کا پیغام امن وآشتی وبھائی چارے اور آپس میں پیار، محبت اور احترام انسانیت کا درس دیتا ہے، مقررین**

**متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کے زیر اہتمام عزیز آباد کے لال قلعہ گراؤنڈ میں محفل میلادؐ کا انعقاد**

**محفل میلادؐ میں محترمہ فاطمہ ثریا بجیا وحق پرست رکن قومی اسمبلی خوش بخت شجاعت ودیگر نے سیرت طیبہ پر روشنی ڈالی**

**محفل میلادؐ سے معروف نعت خواں تابندہ لاری، حوریہ رفیق ودیگر نے دیگر ثناء خواں نے گلہائے عقیدت پیش کی**

کراچی۔۔۔12مارچ2010

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کے زیر اہتمام جمعرات کو عزیز آباد کے لال قلعہ گراؤنڈ میں محفل میلادؐ کا انعقاد کیا گیا جس میں معروف ثناء خواں نے شرکت کی اور بارگاہ رسالتؐ میں حمد باری تعالیٰ اور ہدیہ نعت میں گلہائے عقیدت پیش کیا اور مقررین نے سیرت النبیؐ پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ روح پرور اور بابرکت اس محفل میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہمشیرہ محترمہ سائرہ خاتون، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی ارکان محترمہ نسرین جلیل اور آنسہ ممتاز انوار نے خصوصی طور پر شرکت کی جبکہ ایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج وحق پرست رکن قومی اسمبلی محترمہ کشور زہرہ اور شعبہ خواتین کی اراکین نے میلادؐ شریف کی میزبانی کی، میلادؐ شریف میں معروف ادیبہ ومصنفہ ڈرامہ نگار محترمہ فاطمہ ثریا بجیا، حق پرست رکن قومی اسمبلی خوش بخت شجاعت اور ساجدہ سلیم نے نعتیہ مقابلے میں ججز کے فرائض انجام دیئے جبکہ معروف ثناء خواں حوریہ رفیق، تابندہ لاری اور دیگر معروف ثناء خواں نے نعت رسول مقبول ﷺ پیش کی جس پر حاضرین محفل نے ماشاءاللہ اور سبحان اللہ کہا۔ روح پرور محفل میں سیرت النبی پر تفصیل روشنی ڈالتے ہوئے مقررین نے کہا کہ حضور اکرم ﷺ کا پیغام امن کا درس ہے امن وآشتی وبھائی چارے اور آپس میں پیار، محبت اور احترام انسانیت کا درس دیتا ہے اور ہمارا ایمان ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں محفل میں شریک ہونے کی سعادت بخشی۔ انہوں نے کہا ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سیاست برائے خدمت کے ساتھ ساتھ مذہبی رواداری کو بھی برقرار رکھا ہے اور آج کی یہ روح پرور محفل اس بات کی غماز ہے کہ ایم کیوایم تمام مذہب وعقائد کا احترام کرتی ہے۔ شعبہ خواتین کے تحت میلادؐ کی محفل میں حق پرست ارکان اسمبلی وسابق یوسی ناظمین ونائب ناظمین وکونسلرز اور خواتین نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی۔ محفل میلادؐ کے سلسلے میں لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں بہترین انتظامات کیے گئے تھے اور اس سلسلے میں بڑا پنڈال بنایا گیا تھا، پنڈال میں سامنے کی جانب پھولوں اور رنگ برنگی برقی قمقموں سے بڑا اسٹیج بنایا گیا اسٹیج کے عقب میں بڑی اسکرین لگائی گئی تھی جس پر خانہ کعبہ اور مسجد نبویؐ کا عکس نمایاں تھا جبکہ پورے پنڈال میں رنگ برنگی جھالروں، برقی قمقموں اور ایم کیوایم کے درجنوں پرچموں سے انتہائی خوبصورتی سے سجایا گیا تھا۔ پنڈال میں شرکاء کیلئے فرشی نشستوں کا اہتمام کیا گیا تھا جبکہ حاضرین محفل پر وقتاً فوقتاً خوشبو کے اسپرے کیے جارہے تھے جبکہ اسٹیج پر نعت خواں اور ثنا خواں خواتین کیلئے لال قالین بچھایا گیا تھا اور خوبصورت ڈائس تیار کیا گیا تھا۔ محفل نعت میں نظامت کے فرائض رابعہ ماجد نے انجام دیئے، روح پرور کی بابرکت محفل کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا، ماریہ ایمن نے قرآن پاک کی تلاوت کی۔ محفل میلادؐ میں سبین زہرہ، بے بی زینت، بے بی ایمن، مہر النساء، جمیلہ ارشد، آسیہ نورین، حوریہ فہیم، عقیلہ ناز، روبینہ اسحاق، سیدہ مہرین شوکت، عنبرین نسیم، بختاور، نرگس عباس، شہناز سلطان،، یاسمین عبداللہ، سیدہ مہرین ماجد، یاسمین جلیل اور دیگر نے اپنی خوبصورت آواز میں حمد باری تعالیٰ پڑھی اور بارگاہ رسالتؐ میں ہدیہ نعت پیش کیا۔ محفل میلادؐ کی روح پرور محفل میں فاطمہ ثریا بجیا، خوش بخت شجاعت اور ساجدہ سلیم نے اپنے خیالات کا اظہار کیا اور سیرت طیبہؐ پر تفصیلی روشنی ڈالی اور میلادؐ کی پررونق محفل سجانے پر مبارکباد پیش کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس رنگارنگ اور بابرکت محفل کی برکتوں سے سب کی پریشانیاں کو دور کرے اور اس بدولت قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیوایم کو کامیابیاں عطا فرمائے۔۔ آخر میں بارگاہ رسالتؐ کی شان میں سلام پڑھا گیا اور شرکاء میں مٹھائی اور شیرنی تقسیم کی گئی اور قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی اور تحریک کی کامیابی، شہداء کی مغفرت ،اسیروں کی رہائی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ محفل میلادؐ کے موقع پر مقابلہ نعت خوانی وحمد باری تعالیٰ میں اول انعام امبرین نسیم نے حاصل کیا اور دوئم انعام روبینہ اسحاق اور سوئم انعام جمیلہ ارشد نے حاصل کیا جبکہ بے بی زینت، بے بی ایمن کو خصوصی پہلا اور دوسرا انعام دیا گیا اور تیسرا خصوصی انعام بختاور کو دیا گیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہمشیرہ محترمہ سائرہ خاتون نے انعامات تقسیم کیے اور اول دوئم اور سوئم آنے والے نعت خوانوں کو مبارکباد پیش کی۔

## مفتی سعید احمد جلال پوری اوران کے رفقاء کا بہیمانہ قتل ایک بڑا سانحہ ہے، رابطہ کمیٹی
## مفتی سعید اوران کے ساتھیوں کے قاتلوں کو گرفتار کرکے کڑی سزادی جائے
## مفتی سعید احمد جلال پوری، انکے صاحبزادے اور دیگر ساتھیوں کے قتل پر اظہار مذمت

کراچی۔۔۔12، مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے علاقے گلزار ہجری میں مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کراچی کے امیر مفتی مولانا سعید احمد جلال پوری ،انکے صاحبزادے حافظ حدیفہ جلال پوری اور انکے ساتھی مولانا فخر الزماں اور مولانا عبدالرحمان کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ معروف عالم دین مفتی سعید اوران کے ساتھیوں کا قتل کھلی دہشت گردی اور شہر کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مفتی سعید احمد جلال پوری اوران کے رفقاء کا بہیمانہ قتل ایک بڑا سانحہ ہے اور جوعناصر اس قسم کے بزدلانہ ہتھکنڈے استعمال کرکے پرامن عوام کو مشتعل کرنے کی کوشش کررہے ہیں وہ کراچی اوراس کے شہریوں کے کھلے دشمن ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام سے اپیل کی کہ وہ کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازشوں سے ہوشیار رہیں اوراپنے اتحاد سے امن دشمنوں کی سازشیں ناکام بنادیں۔رابطہ کمیٹی نے مفتی سعید احمد جلال پوری سمیت جاں بحق ہونے والے تمام افراد کے سوگوارلواحقین اورعالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے رہنماؤں اورکارکنوں سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مفتی سعید احمد سمیت تمام شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارلواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اوروزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ مفتی مولانا سعید احمد جلال پوری سمیت تمام شہداء کے سفاک قاتلوں اوران کے سرپرستوں کو گرفتار کرکے کڑی سے کڑی سزادی جائے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ٹھوس، عملی اور مثبت اقدامات بروئے کارلائے جائیں۔

## عوام، ایم کیوایم کا نام استعمال کرکے بھاری رقوم کا مطالبہ کرنے والوں کے بارے میں مطلع کریں، رابطہ کمیٹی
## بعض عناصر کراچی کے تاجروں اورکھلاڑیوں کو ٹیلی فون پر خودکوایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا
## رکن یا عہدیدار ظاہر کرکے بچیوں کی شادی کے سلسلے میں بھاری رقوم کا مطالبہ کررہے ہیں

کراچی۔۔۔12، مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کا نام استعمال کرکے بھاری رقوم کے مطالبہ کی اطلاعات پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اورعوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ایم کیوایم کا نام استعمال کرکے رقوم مانگنے والوں کی اطلاع فوری طور پرایم کیوایم کے مرکز عزیز آباد میں دیں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بعض ایم کیوایم دشمن عناصر کراچی کے تاجروں، صنعتکاروں، کھلاڑیوں اورزندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو ٹیلی فون پر خودکوایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا رکن یا عہدیدار ظاہر کرکے بچیوں کی شادی کے سلسلے میں بھاری رقوم کا مطالبہ کررہے ہیں جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ایک مرتبہ پھر شرپسند عناصر ایم کیوایم کو بدنام کرنے کی گھناؤنی سازش میں مصروف ہیں۔رابطہ کمیٹی نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ایم کیوایم کا نام استعمال کرکے بھاری رقوم کا مطالبہ کرنے والے عناصر کو ہرگز رقم نہ دیں اورایسے عناصر کے بارے میں ایم کیوایم کے مرکز کے رابطہ نمبر 021-36313690 یا 021-36329900 پرفون کرکے رابطہ کمیٹی کے ارکان کو مطلع کریں۔

## جناب الطاف حسین کے والد نذیرحسین مرحوم کی 43ویں برسی بروز ہفتہ کو ملک بھر میں منائی جائے گی
## برسی کا مرکزی اجتماع خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ہوگا

کراچی۔۔12مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے والد نذیرحسین مرحوم کی 43ویں برسی مورخہ 13 مارچ 2010 بروز ہفتہ کو ملک بھر میں انتہائی عقیدت احترام کے ساتھ منائی جائے گی۔برسی کا مرکزی اجتماع خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ہوگا جس میں نذیرحسین مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآنی خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔

## آزاد جموں کشمیر میں متحدہ قومی موومنٹ کی تنظیم نو

مظفرآباد۔۔12مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی رکن سیف یار خان نے آزاد جموں وکشمیر میں تنظیم نو کے بعد مظفرآباد زون، میرپور زون اور راولاکوٹ زون کے ذمہ داران کے اعلان کردیا۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز آزاد کشمیر کے کارکنان کے جنرل ورکرز اجلاس کے موقع پر کارکنان کے سامنے کیا۔ آزد جموں کشمیر میں متحدہ قومی موومنٹ کی تنظیم نو کی تقریب میں آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حق پرست پارلیمانی گروپ کے لیڈر طاہر کھوکھر، رکن آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی سلیم بٹ اور صوبائی تنظیم کمیٹی اراکین کے علاوہ بڑی تعداد میں کارکنان وہمدردوں نے شرکت کی۔

## امیر مولانا مفتی سعید احمد جلال پوری سمیت دیگر علماء اکرام مرحومین کو سپرد خاک کردیا گیا
## نماز جنازہ میں ایم کیوایم کے رہنماؤں کی شرکت

کراچی۔۔12مارچ2010ء

دہشت گردوں کی فائرنگ سے ختم نبوت پاکستان کراچی کے امیر مولانا مفتی سعید احمد جلال پوری سمیت دیگر علماء اکرام مرحومین کو سپرد خاک کردیا گیا۔ نماز جنازہ بعد نماز جمعہ جامع مسجد بنوری ٹاؤن میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ وتدفین میں حق پرست صوبائی وزیر اوقات عبدالحسیب، ایم کیوایم علماء کمیٹی کے انچارج وسابق ناظم جمشید ٹاؤن جاوید احمد اور علماء کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔

## جوناگڑھ اسٹیٹ فیڈریشن کے نومنتخب عہدے داروں کی خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔12مارچ2010ء

جوناگڑھ اسٹیٹ فیڈریشن کے نومنتخب عہدے داروں کی چیئرمین جان محمد کاراہیں کی سربراہی میں ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس اور اشفاق منگی سے خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران جوناگڑھ اسٹیٹ مسلم فیڈریشن کے وفد نے رابطہ کمیٹی ارکان کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا اور کہا کہ 1947 میں پاکستان سے ریاستی الحاق میں تحریری معاہدہ ہوا تھا کہ جوناگڑھ ریاست کے باشندے جب بھی پاکستان آئیں گے ان کو پاکستان کی شہریت دی جائے گی لیکن ایسا نہیں ہوا اور حالات اس کے برعکس ہیں اور جوناگڑھ ریاست کے باشندوں کے ساتھ غیروں جیسا برتاؤ کیا جارہاہے ۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے وفد کے مسائل کو توجہ سے سنا اور انہیں ہرممکن تعاون کا یقین دلایا۔

## تعلیم یافتہ نوجوان کسی بھی معاشرے کے باشعور طبقے کی حیثیت رکھتے ہیں، فیصل سبزواری
## دوہرے تعلیمی نظام نے طلبہ میں احساس محرومی کو جنم دیا، عبدالمعید
## جناح پولی ٹیکنیک انسٹیٹوٹ میں منعقدہ تقریری مقابلے کی تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔12مارچ2010ء

تعلیم یافتہ نوجوان کسی بھی معاشرے کے باشعور طبقے کی حیثیت رکھتے ہیں ان خیالات کا اظہار حق پرست صوبائی وزیر برائے امورنوجوانان فیصل سبزواری نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے زیراہتمام جناح پولی ٹیکنیک انسی ٹیوٹ میں تقریری مقابلہ جس کے عنوانات ''دوہرا تعلیمی نظام''، ''طلبہ میں سیاسی شعور وقت کی اہم ضرورت''، '' طلبہ میں سیاسی شعور کی بیداری'' تھے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب رکن سندھ اسمبلی عبدالمعید نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر اے پی ایم ایس او کے مرکزی کابینہ کے رکن فرحان شمس، اور سیکٹر کمیٹی و یونٹ کمیٹی کے ذمہ داران وکارکنان سمیت اساتذہ کرام وطلبہ وطالبات بھی موجود تھے۔ فیصل سبزواری نے کہا کہ اے پی ایم ایس او قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات پرعمل پیرا ہوکر طلبہ میں سیاسی شعور کو اُجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ انکے جائز حقوق کو حل کرنے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے، اے پی ایم ایس او ملک بھر کے تعلیمی اداروں میں طلبہ کو یکساں تعلیمی مواقع فراہم کرنے کیلئے جدوجہد کررہی ہے اور تعلیمی اداروں سے دوہرے تعلیمی نظام کے خاتمے کو یقینی بنانا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ

موجودہ ملکی حالات میں باشعور طلبہ ملک میں انقلابی تبدیلی لا سکتے ہیں لہٰذا طلبہ کو چاہئے کہ وہ زیادہ سے زیادہ جدید تعلیم حاصل کریں تاکہ ملک کی ترقی میں طلبہ اپنا بخوبی کردار ادا کر سکیں۔انہوں نے تقریری مقابلے کے انعقاد پر مرکزی کمیٹی و سیکٹر کمیٹی کے ذمہ داران و کارکنان کو تہہ دل سے مبارکباد پیش کی۔رکن صوبائی اسمبلی عبدالمعید نے کہا کہ دہرے تعلیمی نظام نے طلبہ میں احساس محرومی کو جنم دیا اور ملک میں قائم جاگیردارانہ نظام نے دہرے تعلیمی نظام کو جنم دیا انشاءاللہ وہ دن دور نہیں جب غریب طلبہ ملک کی بھاگ دوڑ سنبھالیں گے اور ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنی خدمات پیش کریں گے۔تقریری مقابلے میں اول پوزیشن ٹی ٹی سی انسٹی ٹیوٹ کے طالب علم محمد ظہیر،دوئم پوزیشن جی ایم آئی انسٹی ٹیوٹ کے طالب علم عادل اور تیسری پوزیشن جی ایم آئی انسٹیٹیوٹ کے طالب علم راشد نے حاصل کی۔تقریری مقابلے میں منصفین کے فرائض مختلف انسٹیٹوٹ کے اساتذہ کرام نے انجام دیئے منصفین اور مہمانان گرامی نے نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ و لبات میں اعزازی شیلڈ بھی تقسیم کیں

## ایم کیوایم نے بلتستان زونل کمیٹی کے عہدیداران کے ناموں کا اعلان کردیا

بلتستان۔۔۔12مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ نے بلتستان زونل کمیٹی کے انچارج و دیگر عہدیداران کے ناموں کا اعلان کردیا ہے یہ اعلان صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان حسن عالم،عارف شاہ،حق پرست رکن قومی اسمبلی صلاح الدین شیخ،حق پرست رکن گلگت بلتستان راجہ اعظم خان،جوائنٹ انچارج ایس ٹی سی محمد رفیق اور ارشد سہیل نے بلتستان کے مقامی ہوٹل میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے کے موقع پر کیا۔اجلاس میں بلتستان سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے کارکنان نے بڑی تعداد شرکت کی اور ایم کیوایم کے مثالی نظم و ضبط کا مظاہرہ کرتے ہوئے ذمہ داران کو مبارکباد پیش کی اس موقع پر معززین شہر نے خصوصی طور پر شرکت کی۔

## حق پرست عوام ملک گل زمان کی صحت یابی کیلئے دعا کریں،الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔12مارچ2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پنجاب اپرزون کے زونل انچارج زاہد ملک کے والد ملک گل زمان کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین حق پرست عوام خصوصاً ماؤں،بہنوں،بزرگوں اور نوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ ملک گل زمان کی صحت یابی کیلئے اللہ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔واضح رہے کہ زاہد ملک کے والد ملک گل زمان شدید علیل ہیں اور راولپنڈی کے مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں۔

☆☆☆☆☆